احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کیلئے

ہفتہ 20 ستمبر 2008ء

روزنامہ
الفضل
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

ہفتہ 20 ستمبر 2008ء 19 رمضان 1429 ہجری 20 تبوک 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 217

رمضان کے معنے

حضرت انس بن مالکؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا کہ رمضان کا نام رمضان اس لئے رکھا گیا ہے کہ یہ گناہوں کو جلا کر خاکستر کر دیتا ہے۔

(الفردوس بماثور الخطاب جلد2 صفحہ 60 حدیث نمبر:2339)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

یکم دسمبر 1902ء کو مغرب کی نماز سے چند منٹ پیشتر ماہ رمضان کا چاند دیکھا گیا۔ حضرت مسیح موعود مغرب کی نماز پڑھ کر بیت الذکر کی چھت پر چاند دیکھنے تشریف لے گئے اور چاند دیکھنے کے بعد پھر بیت الذکر میں تشریف لائے۔ اور فرمایا کہ:۔

رمضان گزشتہ ایسا معلوم ہوتا ہے جیسے کل گیا تھا۔ (۔) صوفیا نے لکھا ہے کہ یہ ماہ تنویر قلب کے لئے عمدہ مہینہ ہے۔ کثرت سے اس میں مکاشفات ہوتے ہیں۔ صلوٰۃ تزکیہ نفس کرتی ہے اور صوم تجلی قلب کرتا ہے۔ تزکیہ نفس سے مراد یہ ہے کہ نفس امارہ کی شہوات سے بُعد حاصل ہو جائے اور تجلی قلب سے مراد یہ ہے کہ کشف کا دروازہ اس پر کھلے کہ خدا کو دیکھ لے۔ پس (البقرہ:186) میں یہی اشارہ ہے اس میں کوئی شک وشبہ نہیں کہ روزہ کا اجر عظیم ہے لیکن امراض اور اغراض اس نعمت سے انسان کو محروم رکھتے ہیں۔ (۔)

(ملفوظات جلد دوم ص 561)

خدا تعالیٰ کے احکام دو قسموں میں تقسیم ہیں۔ ایک عبادات مالی، دوسرے عبادات بدنی۔ عبادات مالی تو اسی کے لئے ہیں جس کے پاس مال ہو اور جن کے پاس نہیں وہ معذور ہیں اور عبادات بدنی کو بھی انسان عالم جوانی میں ہی ادا کر سکتا ہے ورنہ ساٹھ سال جب گزرے تو طرح طرح کے عوارضات لاحق ہوتے ہیں نزول الماء وغیرہ شروع ہو کر بینائی میں فرق آ جاتا ہے۔ (کسی نے) یہ ٹھیک کہا ہے کہ پیری وصد عیب۔ اور جو کچھ انسان جوانی میں کر لیتا ہے اس کی برکت بڑھاپے میں بھی ہوتی ہے اور جس نے جوانی میں کچھ نہیں کیا اسے بڑھاپے میں بھی صدہا رنج برداشت کرنے پڑتے ہیں۔ (ملفوظات جلد دوم ص 562)

انسان کا یہ فرض ہونا چاہئے کہ حسب استطاعت خدا کے فرائض بجا لاوے۔ روزہ کے بارے میں خدا تعالیٰ فرماتا ہے۔ (البقرہ:185) یعنی اگر تم روزہ رکھ بھی لیا کرو تو تمہارے واسطے بڑی خیر ہے۔

ایک دفعہ میرے دل میں خیال آیا کہ فدیہ کس لئے مقرر کیا گیا ہے تو معلوم ہوا کہ توفیق کے واسطے ہے۔ تا کہ روزہ کی توفیق اس سے حاصل ہو۔ خدا تعالیٰ ہی کی ذات ہے جو توفیق عطا کرتی ہے اور ہر شئے خدا تعالیٰ ہی سے طلب کرنی چاہئے۔ خدا تعالیٰ تو قادر مطلق ہے وہ اگر چاہے تو ایک مدقوق کو بھی روزہ کی طاقت عطا کر سکتا ہے تو فدیہ سے یہی مقصود ہے کہ وہ طاقت حاصل ہو جائے اور یہ خدا تعالیٰ کے فضل سے ہوتا ہے۔ پس میرے نزدیک خوب ہے کہ (انسان) دعا کرے کہ الٰہی یہ تیرا ایک مبارک مہینہ ہے اور میں اس سے محروم رہا جاتا ہوں اور کیا معلوم کہ آئندہ سال زندہ رہوں یا نہ۔ یا ان فوت شدہ روزوں کو ادا کر سکوں یا نہ۔ اور اس سے توفیق طلب کرے تو مجھے یقین ہے کہ ایسے دل کو خدا تعالیٰ طاقت بخش دے گا۔ (ملفوظات جلد دوم ص 563)

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں۔
”خدا کے بندوں سے ہمدردی اختیار کرو۔“
(کشف الغطاء روحانی خزائن جلد 14 صفحہ 187)

مریم شادی فنڈ

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے اپنی زندگی میں جو آخری مالی تحریک فرمائی وہ ”مریم شادی فنڈ“ ہے۔ مورخہ 28 فروری 2003ء کے خطبہ جمعہ میں اس تحریک کا اعلان کرتے ہوئے آپ نے فرمایا:۔

”اس فنڈ کا نام مریم شادی فنڈ رکھ دیتا ہوں امید ہے کہ اب یہ فنڈ کبھی ختم نہیں ہوگا اور ہمیشہ غریب بچیوں کو عزت کے ساتھ رخصت کیا جا سکے گا۔“

(الفضل 6 مئی 2003ء)

احباب جماعت کو حضور کی اس تحریک میں خدا تعالیٰ کی دی ہوئی توفیق سے ضرور حصہ لینا چاہئے اور اپنی شادیوں کے مواقع پر اس تحریک میں بھی ادائیگی کرنی چاہئے تا کہ مستحق، بے سہارا اور یتیم بچیاں بھی عزت کے ساتھ رخصت ہو سکیں نیز ایسے افراد جنہیں اللہ تعالیٰ نے مالی فراخی عطا فرمائی ہے وہ شکرانے کے طور پر اپنی استطاعت کے مطابق ضرور اس بابرکت تحریک میں شامل ہونے کی کوشش کریں۔ جزاکم اللہ

(ناظر اعلیٰ)

دعائیہ فہرست وقف جدید

امرائے کرام، صدران جماعت اور سیکرٹریان وقف جدید سے گزارش ہے کہ چندہ وقف جدید سو فی صد ادا کرنے والے احباب کی دعائیہ فہرست 29 رمضان المبارک کو حضور انور کی خدمت اقدس میں پیش ہوگی۔ اس لئے کوشش فرمائیں کہ زیادہ سے زیادہ احباب سے وصولی کا کام مکمل کر لیا جائے اور 25 رمضان المبارک تک دعائیہ فہرستیں دفتر کو پہنچا دیں نیز اس کے بعد بھی کام جاری رکھیں اور نام دفتر کو بھجواتے رہیں۔

(ناظم مال وقف جدید ربوہ)

مرتبہ: مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان

نمبر 6

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

(عہد خلافت کے اہم واقعات۔سوال و جواب کی شکل میں)

سوال: حضور انور نے برمنگھم (U.K) میں بیت کا افتتاح کب فرمایا۔

جواب: یکم اکتوبر 2004ء کو۔

سوال: حضور انور نے تحریک جدید کے دفتر پنجم کا آغاز کب فرمایا۔

جواب: 5 نومبر 2004ء کے خطبہ جمعہ میں۔

سوال: حضور انور نے اپنا پہلا دورہ سپین کب سے کب تک فرمایا۔

جواب: یکم جنوری 2005ء سے 16 جنوری 2005ء تک۔

سوال: حضور انور نے سپین کے کس شہر میں دوسری بیت الذکر بنانے کی تحریک فرمائی۔

جواب: سپین کے شہر ویلنسیا (Valencia) میں۔

سوال: 9 جنوری 2005ء کو حضور انور نے کس ملک کے بچوں کی کلاس لی۔

جواب: سپین کے۔

سوال: سپین کے ہمسایہ ملک جبرالٹر کے لئے حضور انور کس تاریخ کو روانہ ہوئے۔

جواب: 11 جنوری 2005ء کو۔

سوال: حضور انور نے سپین میں وقف عارضی کی تحریک کب فرمائی۔

جواب: 28 جنوری 2005ء کو۔

سوال: حضور انور نے 18 فروری 2005ء کے خطبہ جمعہ میں کیا تحریک فرمائی۔

جواب: حضور انور نے تمام دنیا کی جماعتوں کو انٹرنیٹ پر نظر رکھنے اور گندے اعتراضات کا جواب دینے کی تحریک فرمائی۔

سوال: حضور انور نے پہلا مشرقی افریقہ کا دورہ کب سے کب تک فرمایا۔

جواب: 26/اپریل 2005ء سے 25 مئی 2005ء تک۔

سوال: حضور انور نے مشرقی افریقہ کے کن ممالک کا دورہ فرمایا۔

جواب: کینیا، تنزانیہ، یوگنڈا۔

سوال: خلافت جوبلی دعاؤں کی تحریک کب فرمائی۔

جواب: 27 مئی 2005ء کے خطبہ جمعہ میں۔

سوال: 3 جون 2005ء کے خطبہ جمعہ میں کیا تحریکات فرمائیں۔

جواب: مریم شادی فنڈ، بیت ویلنسیا اور طاہر ہارٹ انسٹی ٹیوٹ کے لئے مالی تحریکات فرمائیں۔

سوال: 24/اگست 2005ء کو حضور انور نے کہاں اور کس بیت کا افتتاح فرمایا۔

جواب: جرمنی (ورزبرگ) میں بیت العلیم کا۔

سوال: 24/اگست 2005ء کو حضور انور نے کہاں اور کس بیت کا سنگ بنیاد رکھا۔

جواب: جرمنی (آفن باخ) میں بیت الجامع کا۔

سوال: 25/اگست 2005ء کو حضور انور نے کہاں اور کس بیت کا سنگ بنیاد رکھا۔

جواب: جرمنی (Bensheim) میں بیت بشیر کا۔

سوال: 6 ستمبر 2005ء کو حضور انور کس ملک کے دورے کے لئے تشریف لے گئے۔

جواب: ڈنمارک کے۔

سوال: 7 ستمبر 2005ء کو حضور انور نے کس ملک کے اہم مذہبی رہنما سے ملاقات کی۔

جواب: ڈنمارک کے شاہی چرچ کے آرچ بشپ سے۔

سوال: حضور انور 11 ستمبر 2005ء کو کس ملک کے دورے کے لئے روانہ ہوئے۔

جواب: سویڈن کے۔

سوال: 2005ء میں سکینڈے نیوین ممالک کا جلسہ کب شروع ہوا۔

جواب: 16 ستمبر 2005ء کو۔

سوال: حضور انور نے جامعہ احمدیہ U.K کا افتتاح کب فرمایا۔

جواب: یکم اکتوبر 2005ء کو۔

ذرے زمین ربوہ کے خود بولنے لگے

کس دکھ کے ساتھ نکلے تھے اک بوستاں سے ہم
پیارے دیارِ ارض مسیح زماں سے ہم

فضل عمر تھے درد کے ماروں کے راہبر
جن کو ہر ایک درد رسیدہ کی تھی خبر

فضلِ عمر کے دل میں رفیقوں کو ایک جا
آباد پھر سے کرنے کا عزم صمیم تھا

آساں نہ تھی یہ بات کہ مہجور خستہ حال
ظلم وستم کے ماروں کا مٹ جائے گا ملال

تسکین پا سکیں گے وہ اجڑے دیار میں
راحت وہ پا سکیں گے کسی دشتِ خار میں

تاہم خدائے قادرِ مطلق کے حکم سے
ذرے زمین ربوہ کے خود بولنے لگے

اک وادئ بے آب و گیاہ بے سرو سامان
پایا ستم رسیدوں نے اس میں ہی اطمینان

فضل عمر کے سایہ میں اللہ کا لے کے نام
اس کاروانِ درد نے واں کر لیا قیام

پانی نہ تھا سبزہ نہ تھا صحرا تھا ہر طرف
آدم کے دشمنوں کا بسیرا تھا ہر طرف

آماجگاہ کیڑے مکوڑوں کی یہ زمیں
زہریلے بچھوؤں اور سانپوں کی یہ زمیں

اس سر زمیں میں بسنا بسانا مُحال تھا
پل بھر کے واسطے بھی واں جانا محال تھا

لیکن وہ سر زمین بڑی خوش نصیب تھی
اک خواب کی بنا پہ پسند آ گئی وہی

وہ سر زمین خوشیوں کی تصویر بن گئی
فضلِ عمر کے خواب کی تعبیر بن گئی

اس انتخاب سے عجب اک ماجرا ہوا
اس ٹکڑۂ زمیں کا مقدر سنور گیا

اب اس زمیں کو دیکھیں کہ باغ و بہار ہے
گلہائے رنگا رنگ سے وہ لالہ زار ہے

آراستہ درختوں سے ہر راہگزار ہے
سبزہ نہ تھا جہاں وہ زمین سبزہ زار ہے

نکلے تھے خالی ہاتھ گھروں سے جو سوگوار
امراء خوش خرام میں اب ان کا ہے شمار

مہجور لوگ صاحب جائیداد بن گئے
جن کے مکان دیکھے ہیں اک سے اک نئے

ان کے مکان دید کے قابل ہیں جابجا
ہر اک مکاں ہے دوسرے سے بڑھ کے خوشنما

تعلیم کے ادارے ہیں اس سر زمین میں
ہر نوع کے ہسپتال ہیں ارض ثمین میں

تحریک و انجمن کے دفاتر ہیں خوشنما
اے دوست بہرِ حق ذرا دیکھنے تو آ

پیغامِ حق کا چشمۂ صافی کا فیض عام
کرتا ہے شرق و غرب کو شاداب صبح و شام

کشکول ہمارے ہاتھ میں ...... کا تھا خواب
کشکول کس کے ہاتھ میں ہے دیکھئے جناب

اس شہر میں خدا کے گھروں کی بہار ہے
اس سر زمیں سے قادرِ مطلق کو پیار ہے

شبیر شکر کر تو کرامت کو دیکھ کر
اللہ کے اس پیار و محبت کو دیکھ کر

چوہدری شبیر احمد

اسیران راہ مولا

اے اسیر راہِ مولا خوف کیا تعزیر کا
کہہ رہا ہے مجھ سے ہر حلقہ مری زنجیر کا

جو خدا کا ہو گیا وہ زندۂ جاوید ہے
ہے ازل سے فیصلہ یہ مالکِ تقدیر کا

ڈاکٹر حنیف احمد قمر

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

وہ تین کو چار کرنے والا ہوگا۔ دوشنبہ ہے مبارک دوشنبہ

20 ستمبر 1948ء ربوہ کے افتتاح کا دن

بے آب وگیاہ وادی جو اب گل وگلزار بن چکی ہے

مکرم محمد محمود طاہر صاحب

حضرت اقدس مسیح موعود کے متعدد الہامات اور رویا وکشوف میں ہجرت کا اشارہ ملتا ہے۔ ''داغ ہجرت'' کا الہام بھی حضور کو ہوا۔ ہجرت کی الٰہی تقدیر اپنے وقت پر سیدنا حضرت مصلح موعود خلیفۃ المسیح الثانی کے دور میں پوری ہوئی جب تقسیم برصغیر کے وقت 1947ء میں جماعت احمدیہ نے قادیان سے پاکستان میں ہجرت اختیار کی۔

ہجرت کے بعد حضرت مصلح موعود لاہور تشریف لے آئے۔ آپ کے پیش نظر اولین ترجیح میں نئے مرکز کے قیام کے لئے جگہ کی تلاش تھی۔ چنانچہ دریائے چناب کے کنارے ضلع جھنگ کی تحصیل چنیوٹ کے ساتھ ایک موزوں رقبہ حکومت سے خرید کیا گیا۔ خرید سے قبل حضور انور اس جگہ کو دیکھنے کے لئے تشریف لائے تھے اور آپ نے جگہ دیکھ کر فرمایا کہ یہ جگہ 12 دسمبر 1941ء کی رویا سے ملتی جلتی ہے۔ ہاں یہاں سبزہ نہیں ہے جو کوشش کے ساتھ ہو سکتا ہے۔ چنانچہ یہ چٹیل میدان آج اللہ کے فضل سے سرسبز وشاداب اور گل وگلزار بن چکا ہے۔

یہ جگہ خرید کر لینے کے بعد اس کی قانونی کارروائی مکمل ہوئی تو حضور نے اس جگہ کو فوراً آباد کرنے کا عزم کیا۔ 16 ستمبر 1948ء کو ہونے والے اجلاس میں نئے مرکز احمدیت کے لئے 20 ستمبر 1948ء کا دن افتتاح کے لئے مخصوص فرمایا اور ساتھ ہی حضور نے اس کا نام ربوہ رکھنے کی منظوری عطا فرمائی۔

افتتاح کی تیاری

20 ستمبر 1948ء افتتاح کے لئے تاریخ طے ہوئی تو اس کے انتظامات کے لئے 19 ستمبر 1948ء کو پہلا قافلہ سرزمین کے چٹیل اور بنجر میدان میں لنگر انداز ہوا۔ جو اپنے ساتھ خیمے اور شامیانے وغیرہ ضروری سامان لے کر آیا تھا۔ اس قافلے کے ممبران محترم چوہدری عبدالسلام اختر صاحب اور محترم چوہدری مولانا محمد صدیق صاحب سابق انچارج خلافت لائبریری تھے جو خدا کے فضل سے بقید حیات ہیں۔ اس قافلے نے مقام افتتاح میں خیمہ زن ہو کر رات یہیں بسر کی۔ جو اس سنسان، بے آب وگیاہ وادی میں عشاقان احمدیت کی پہلی رات تھی۔ یہاں یہ بات بھی ذکر کردوں کہ ہجرت کے بعد تعلیم الاسلام ہائی سکول چنیوٹ میں جبکہ جامعہ احمدیہ احمد نگر میں جاری ہوا تھا۔ یوں نئے مرکز کے قرب وجوار میں تقدیر الٰہی کے تحت احمدی آبادکاری اور علم وعرفان کی اشاعت کا سلسلہ شروع ہو گیا۔

افتتاح کی تیاریوں کے لئے لاہور سے دوسرا قافلہ بھی 19 ستمبر 1948ء کو چوہدری ظہور احمد صاحب ناظر مال کی قیادت میں شام پانچ بجے روانہ ہوا اور رات چنیوٹ پہنچا انہوں نے رات سڑک پر گزاری اور اگلے روز 20 ستمبر بروز دوشنبہ ساڑھے آٹھ بجے ربوہ پہنچا۔ اس قافلہ میں صدر انجمن اور تحریک جدید کے 34 افسران وکارکنان تھے۔ افتتاح سے قبل وکیل الدیوان تحریک جدید مکرم مولوی عبدالرحمان صاحب انور تحریک جدید کا ریکارڈ لے کر ربوہ پہنچ گئے۔ مذکورہ بالا دونوں قافلوں نے افتتاح ربوہ کے لئے اس مقام کو تیار کیا جہاں حضور نے نماز پڑھانی تھی وہاں شامیانہ لگایا گیا۔ اسی طرح چھ خیمے رہائشی بھی نصب کئے گئے۔

20 ستمبر بروز دوشنبہ

افتتاح کا دن

20 ستمبر 1948ء بروز دوشنبہ وہ تاریخی دن آ گیا جس دن پیشگوئی پسر موعود کی کئی علامات کے پورا ہونے کا وقت بھی آ گیا۔ وہ تین کو چار کرنے والا۔ دوشنبہ ہے مبارک دوشنبہ کی علامات اور دوسری علامات پوری ہوئیں۔ چوتھے مرکز دین کی بنیاد ڈالی جا رہی تھی اور یہ دوشنبہ کا مبارک دن تھا۔

حضور کی آمد

نئے مرکز سلسلہ ربوہ کی افتتاحی تقریب میں شرکت کے لئے سیدنا حضرت مصلح موعود بنفس نفیس لاہور سے ربوہ تشریف لائے۔ یہ یادگار سفر جو بذریعہ کار حضور نے فرمایا اس کے لئے براستہ لائل پور (فیصل آباد) حضور ربوہ پہنچے۔ حضور صبح نو بجکر بیس منٹ پر لاہور سے روانہ ہوئے اور ایک بجکر بیس منٹ پر سرزمین ربوہ پر قدم رنجا فرمایا۔

ربوہ آمد کے ساتھ سب سے پہلے نماز ظہر کی ادائیگی ہوئی جو ڈیڑھ بجے حضور انور نے پڑھائی۔ دراصل نماز کے ساتھ ہی ربوہ کا افتتاح ہو گیا تھا۔ یہ پہلی باجماعت نماز تھی جو کہ احباب جماعت نے حضور کی اقتداء میں سرزمین ربوہ پر ادا کی۔ اس نماز میں 250 کے قریب احباب موجود تھے۔

حضور کی آمد سے قبل چنیوٹ، احمد نگر، لالیاں، لائل پور، سرگودھا، لاہور، قصور، گجرات، گوجرانوالہ، جہلم اور دوسرے مقامات سے احباب جماعت اس تاریخی اور بابرکت تقریب میں شرکت کے لئے ربوہ پہنچ گئے تھے۔ ان سب خوش قسمت احباب کی فہرست افتتاح کے موقع پر مرتب کی گئی اور یہ فہرست تاریخ احمدیت کی جلد 12 میں بطور ضمیمہ شامل اشاعت ہے۔

جس مقام پر حضور نے نماز ظہر پڑھائی اس مقام پر 1953ء میں ایک خوبصورت بیت الذکر تعمیر کر دی گئی ہے جو اس وقت احاطہ فضل عمر ہسپتال ربوہ میں موجود ہے اور بیت یادگار کے نام سے موسوم ہے۔

افتتاحی خطاب

نماز ظہر کی ادائیگی کے بعد حضرت مصلح موعود نے ربوہ کے افتتاح کے موقع پر تاریخی خطاب فرمایا اور ابراہیمی دعاؤں کے ساتھ جن کو احباب جماعت نے بھی دہرایا۔ حضور نے ربوہ کا افتتاح فرمایا۔ ان دعاؤں کی قبولیت کا ثمر آج ہم کھا رہے ہیں۔ حضور نے ابراہیمی دعاؤں کو تین تین بار دہرایا اور احباب بھی ساتھ ساتھ دہراتے رہے اور پھر حضور نے افتتاحی خطاب فرمایا۔

''خدائی خبروں اور اس کی بتائی ہوئی پیشگوئیوں کے مطابق ہمیں قادیان چھوڑنا پڑا۔ اب انہی خبروں اور پیشگوئیوں کے ماتحت ہم ایک نئی بستی اللہ تعالیٰ کے نام کو بلند کرنے کے لئے اس وادی غیر ذی زرع میں بسا رہے ہیں''۔

اس وادی غیر ذی زرع کو اس ارادہ اور نیت کے ساتھ چنا ہے کہ جب تک یہ عارضی مقام ہمارے پاس رہے گا ہم (دین حق) کا جھنڈا اس مقام پر بلند رکھیں گے۔

یہ زمین ہم نے پہاڑی ٹیلوں کے درمیان اس لئے خریدی ہے کہ میری رویا اس زمین کے متعلق تھی۔ یہ رویا دسمبر 1941ء میں میں نے دیکھی اور 21 دسمبر 1941ء کے الفضل میں شائع ہو چکی ہے ...... میں نے اس میدان میں گھاس دیکھا تھا مگر یہ چٹیل میدان ہے۔ اب بارشوں کے بعد کچھ کچھ سبزہ نکلا ہے۔ ممکن ہے ہمارے آنے کے بعد اللہ تعالیٰ یہاں گھاس بھی پیدا کر دے اور اس رقبہ کو سبزہ زار بنا دے''۔

''آؤ اب ہم ہاتھ اٹھا کر آہستگی سے بھی اپنے دلوں میں اللہ تعالیٰ سے دعا مانگیں کہ وہ ہمارے ارادوں میں برکت ڈالے اور ہمیں اس مقدس کام کو دیانتداری کے ساتھ سرانجام دینے کی توفیق بخشے''۔ آمین۔ (الفضل سالانہ نمبر دسمبر 1964ء)

اس پُر معارف خطاب کے بعد حضور نے دعا کروائی۔ درویشان قادیان کو فون وتار کے ذریعہ اس تقریب کے وقت کی اطلاع کر دی گئی تھی تا وہ بھی اپنی جگہ دعا میں شامل ہو جائیں۔ دعا کے بعد حضور انور نے ربوہ کے چاروں کونوں میں ایک ایک بکرا قربان کرنے کا ارشاد فرمایا اور خود اپنے ہاتھ سے وسط میں بکرا قربان کیا۔

بکروں کی قربانی کے بعد ایک ترک نوجوان محمد افضل ترکی صاحب نے بیعت کا شرف حاصل کیا جو کہ ربوہ کا پہلا پھل ہے۔ قربانی وبیعت کے بعد حضور نے نماز عصر پڑھائی جس میں چھ صد کے قریب مرد وزن شامل ہوئے۔ نماز کے بعد حضور نے کھانا تناول فرمایا اس کا انتظام جماعت چنیوٹ نے کیا تھا۔ چار بجکر چالیس منٹ پر حضور کی گاڑی لاہور کے لئے واپس روانہ ہوئی۔

افتتاحی تقریب میں ایک موٹر لاری، پانچ کاریں، 24 تانگے اور 32 سائیکل موجود تھے۔ بعض خواتین بھی افتتاحی تقریب میں پردہ کے پیچھے شامل تھیں۔

(الفضل 22 ستمبر 1948ء)

خدا تعالیٰ کے بندے کون ہیں؟

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

یہ وہی لوگ ہیں جو اپنی زندگی کو جو اللہ تعالیٰ نے ان کو دی ہے۔ اللہ تعالیٰ ہی کی راہ میں وقف کر دیتے ہیں اور اپنی جان کو خدا کی راہ میں قربان کرنا، اپنے مال کو اس کی راہ میں صرف کرنا اس کا فضل اور اپنی سعادت سمجھتے ہیں، مگر جو لوگ دنیا کی املاک وجائداد کو اپنا مقصود بالذات بنا لیتے ہیں، وہ ایک خوابیدہ نظر سے دین کو دیکھتے ہیں، مگر حقیقی مومن اور صادق (۔) کا یہ کام نہیں ہے۔ سچا (۔) یہی ہے کہ اللہ تعالیٰ کی راہ میں اپنی ساری طاقتوں اور قوتوں کو مادام الحیات وقف کر دے، تا کہ وہ حیات طیبہ کا وارث ہو، چنانچہ خود اللہ تعالیٰ اسی للّٰہی وقف کی طرف ایماء کر کے فرماتا ہے۔ من اسلم وجهه لله ...... (البقرہ: 113) اس جگہ اسلم وجهه لله کے معنی یہی ہیں کہ ایک نیستی اور تذلل کا لباس پہن کر آستانہ الوہیت پر گرے اور اپنی جان، مال، آبرو غرض جو کچھ اس کے پاس ہے۔ خدا ہی کے لئے وقف کرے اور دنیا اور اس کی ساری چیزیں دین کی خادم بنا دے۔

(ملفوظات جلد اول ص 364)

مکرم لقمان احمد کشور صاحب

خلافت سلسلہ کی ایک بڑی برکت

دارالہجرت ربوہ

ابتدائے سفر کی جھلکیاں۔ کمزوری اور غربت کا قابل فخر دور

ربوہ کا نام حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے حضرت مولانا جلال الدین شمس صاحب کی تجویز پر منظور فرمایا، جس کے معنی بلند مقام یا پہاڑی مقام کے ہیں یہ نام نیک فال کے طور پر تجویز ہوا اور 20 ستمبر 1948ء کو اعلان کیا گیا۔ ایک پہلو میں چناب کا دریا زندگی کی علامت اور دوسری طرف بلندی اور عظمت کی نشان پہاڑیاں جو اتنی ہی زمین میں بھی گہری تھیں۔ 19 ستمبر 1948ء کو شام کے سات بجے کے قریب ٹرک چھولداریاں، خیمہ جات اور سائبان لے کر اترا۔ (ڈرائیور، دو مزدور۔ ہمراہ مولوی محمد صدیق صاحب فاضل اور عبدالسلام صاحب اختر ایم اے پرنسپل ٹی آئی کالج گھٹیالیاں) سامان اس جگہ اتارا گیا جو حضور نے پسند فرمائی تھی۔ اس زمین سے متعلق رؤیا دسمبر 1941ء میں حضور نے دیکھی تھی جو 21 دسمبر 1941ء کے الفضل میں شائع ہوئی۔ یہ رقبہ جو خریدا گیا 1034 ایکڑ پر مشتمل تھا۔ ربوہ کی سطح سمندر سے زیادہ سے زیادہ بلندی 613 فٹ اور کم از کم 590 فٹ ہے۔ اصل رقبہ 1033 ایکڑ 7 کنال اور 8 مرلے تھا۔ قیمت 1034 ایکڑ کی ادا کی گئی۔ صدر انجمن احمدیہ پاکستان کو حکومت سے زمین کا قبضہ 2 /اگست 1948ء کو ملا۔

افتتاح

2 ستمبر 1948ء کو پیر کے روز ہوا۔ نماز ظہر ادا کی گئی۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے نماز پڑھائی۔

شاملین کی فہرست تیار کی گئی۔ حضور کی درد بھری تقریر اور لمبی دعا کے بعد 5 بکروں کی قربانی کی گئی۔ ایک وسط میں اور باقی رقبہ کے 4 کونوں میں ذبح کئے گئے۔ وسط والا کالا بکرا حضور نے خود ذبح کیا۔ بقیہ چار حضرت مولانا عبدالرحیم صاحب درد، مکرم برکت علی خان صاحب، مولوی محمد عبداللہ صاحب بوتالوی اور مکرم محمد صدیق صاحب انچارج خلافت لائبریری نے ذبح کئے۔

مستقل رہائش کی غرض سے حضور نے 19 ستمبر 1949ء کو سفر کیا۔ اس وقت (چناب پل سے گزر کر جو ربوہ سے دو میل پہلے تھا) داخل ہوتے وقت قبلہ رخ کھڑے ہو کر دعا کی ۔رب ادخلنی مدخل صدق......

دریائے چناب کے پرانے دونوں پل احمدی انجینئر خان بہادر نعمت اللہ خان (مدفون بہشتی مقبرہ قادیان) کی زیرنگرانی 1928ء میں مکمل ہوئے تھے۔

حضور کی عارضی فرودگاہ ریلوے سٹیشن کے قریب تعمیر کی گئی۔ جہاں حضرت اماں جان کا کمرہ بھی تھا جس جگہ اب ایک یادگار تعمیر ہے۔ عارضی ریلوے سٹیشن بھی اس کے سامنے تھا۔ رہائش گاہیں ابھی عارضی تھیں پلاٹ بندی ہونے کے بعد مستقل تعمیر ہوئی۔

قافلہ کے لئے پہلا کھانا دوپہر کا لنگرخانہ کی طرف سے اور رات کا اہل ربوہ کی طرف سے تھا۔ اس دن بھی 5 بکرے بطور صدقہ ذبح کئے گئے تھے۔ اس شہر کو آباد کرنے کی غرض حضور نے جو بیان فرمائی وہ یہ تھی:۔

اس وقت ربوہ ہی ایک ایسا مقام ہے جہاں کے رہنے والوں کی اکثریت خدمت دین میں لگی ہوئی ہے اس لئے یہ مقام بھی مقدس ہے اور اسے آئندہ ایک زمانہ تک کے لئے دین کا مرکز بنایا گیا ہے۔ اور یہاں کے رہنے والے بھی مقدس ہیں کیونکہ وہ اس کی تقدیس میں مدد دے رہے ہیں اور یہاں کے رہنے والوں کی اکثریت خدمت دین میں لگی ہوئی ہے۔

(الفضل 18 جنوری 1953ء)

ربوہ کی بنیاد کی غرض یہ تھی کہ یہاں زیادہ سے زیادہ نیکی اختیار کرنے والے اور دیندار لوگ آباد ہوں۔ اس مقام کی بنیاد اس لئے رکھی گئی تھی کہ وہ دین کی اشاعت کا مرکز ہو۔ پس یہاں بسنے والوں کو اس غرض سے بسنا چاہیے کہ وہ یہاں رہ کر دین کی اشاعت میں دوسروں سے زیادہ حصہ لیں گے۔

(خطبہ جمعہ 21 مئی 1954ء)

ربوہ کا یہ وہ علاقہ تھا جو بالکل جنگل اور بیابان تھا۔ بنجر اور غیر آباد تھا جو فیصل آباد اور سرگودھا کے بالکل وسط میں تھا۔ لوگ یہاں سے دن کے وقت گزرتے بھی گھبراتے تھے اور رات کے اندھیرے میں تو کوئی اس طرف آنے کا سوچتا بھی نہ تھا۔ مگر دیکھئے خدا کا فضل اور عنائت کہ جس نے خلافت کی توجہ اس طرف پھیری اور ویرانے کو گلزار بنا دیا۔ اس کا اقرار ایک قومی اخبار نے ان الفاظ میں کیا:۔

”ربوہ عوام اور حکومت کے لئے ایک مثال ہے اور زبان حال سے کہہ رہا ہے کہ لمبے چوڑے دعوے کرنے والے منہ دیکھتے رہ جاتے ہیں اور عملی کام کرنے والے کوئی دعویٰ کئے بغیر سب کچھ کر دکھاتے ہیں۔“ (ہفت روزہ اقدام لاہور 5 جنوری 1953)

اس جگہ سے قریب ایک قصبہ احمد نگر تھا جہاں آبادی تھی۔ احمد نگر کا قصبہ سردار احمد خان نے آباد کیا تھا۔ جو سینکڑوں سال قبل ایک گونہ صوبائی دارالحکومت تھا۔

ربوہ کے ملحقہ کھنڈرات سے ظاہر ہوتا تھا کہ محمود غزنوی کے حملوں سے بہت پہلے یہاں کوئی شہر آباد تھا۔ جب مغرب سے دریا کا پانی چڑھ آیا اور اس کی آبادی کو گھیرے میں لے لیا۔ یہ پتہ لگانا مشکل ہے کہ کب فوجی چھاؤنی یہاں آباد تھی۔ بعض آثار گواہی دیتے ہیں کہ شاید سکندر اعظم بھی یہاں آیا تھا۔ ماہرین اس کے ثبوت سے اندازہ لگا رہے ہیں۔

ڈاکٹر عبدالحمید صاحب کی کتاب ’محمد بن قاسم پاکستان میں‘ میں درج ہے کہ عرب فوج کے تقریباً سو سپاہی چنیوٹ کو فتح کرنے میں کام آئے۔ ان شہیدوں کا قبرستان ابھی تک چنیوٹ کے باہر موجود ہے۔ یہ ربوہ کی پہاڑیوں میں واقع ہے۔ دریا کے عبور کرنے کے لئے یہ آسان پتن تھا اس لئے یہ شاہی پتن کہلاتا تھا جو جہلم اور پھر وہاں سے کشمیر جانے کا سیدھا اور آسان راستہ تھا۔ پھر محمود غزنوی آیا تھا اور پھر محمود ایک روحانی جرنیل آیا۔ ریونیو ریکارڈ کے مطابق ربوہ چک ڈھگیاں کہلاتا تھا اور اب اسکو چناب نگر کا نام دے دیا گیا ہے۔ یاد رہے کہ ایک دن کے لئے نواں قادیان بھی کہلایا تھا۔

خاندان مسیح موعود میں پیدائش

خاندان مسیح موعود میں ربوہ میں سب سے پہلی پیدائش 15 ستمبر 1950ء کو حضرت مرزا مسرور احمد صاحب خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ کی ہے۔

سنگ بنیاد عمارات و ادارہ جات

7 دسمبر 1948ء کو خیموں کی شرقی جانب پہاڑی کے دامن میں پہلی عارضی عمارت جو سات کمروں پر مشتمل تھی، کا سنگ بنیاد حضرت مفتی محمد صادق صاحب نے رکھا جو ربوہ میں پہلے جلسہ سالانہ منعقدہ 15 /اپریل تا 17 /اپریل کے موقع پر لنگر خانہ کی شکل اختیار کر گئی۔ اب اس عمارت کا کوئی نشان باقی نہیں۔

جب بیت مبارک کا سنگ بنیاد رکھا گیا۔ 5 صفیں بالترتیب رفقاء مسیح موعود، خاندان مسیح موعود، واقفین زندگی اور خواتین رفقاء و مہاجرات کی صف بندی کر کے عصر کی نماز کے بعد تقریب ہوئی۔ 2 اینٹیں قادیان کی بیت مبارک کی لا کر لگائی گئیں جو محترم ڈاکٹر مرزا منور احمد صاحب ہجرت کے وقت ساتھ لے آئے تھے۔ بلند آواز سے دعائیں کی گئیں۔ 66 رفقاء شامل تھے۔ جبکہ واقفین تحریک جدید 88 تھے۔ اس کی تعمیر کا کام حضرت قاضی عبدالرحیم صاحب جو 313 رفقاء میں سے تھے کے سپرد کیا گیا۔ اس سے قبل ایک بیت عارضی طور پر اسی نام سے کچی تعمیر تھی جس میں حضور نمازیں پڑھاتے تھے۔ جو پھر اسی محلّہ کے سپرد کر دی گئی۔ جبکہ ایک جامع بیت کی جگہ ربوہ کی غربی حد پر پہاڑی کے ساتھ جلسہ گاہ کے قریب مخصوص تھی۔ (مراد بیت اقصیٰ والی جگہ ہے اور اب تو جلسہ گاہ کے لئے بھی نئی جگہ مخصوص ہے) 27 مئی 1957ء کو ربوہ میں بیت مبارک میں پہلا جلسہ یوم خلافت منعقد ہوا۔

محلے اور کوارٹرز

حضور نے اپنی کوٹھی کی بنیاد 29 مئی 1950ء کو رکھی۔

اس وقت ابتداء میں آباد محلے دارالیمن، باب الابواب، دارالنصر، دارالبرکات، دارالفضل، دارالرحمت، دارالصدر تھے۔ جن کو پہلے ا، ب، ج، د، س، ص اور ط کے نام دیئے گئے مگر ستمبر 1951ء میں خلیفہ ثانی نے باقاعدہ ناموں سے موسوم کیا۔ کوارٹرز صدر انجمن احمدیہ اور کوارٹرز تحریک جدید کے علاوہ اسی عشرہ میں کوارٹرز دارالیمن اور کوارٹرز درویشان بنائے گئے۔

ابتدائی سڑکیں

شارع مبارک

بسوں کے اڈہ سے بیت مبارک کے سامنے ریلوے سٹیشن تک۔ یہ ڈبل سڑک ہے دونوں سڑکوں کے درمیان گراسی پلاٹ ہے۔

شارع محطہ

ریلوے سٹیشن کے ساتھ ساتھ دارالصدر کی جنوبی حد کے ساتھ۔

شارع روضہ

بہشتی مقبرہ سے شروع ہو کر فضل عمر ہسپتال کے ساتھ ریلوے لائن کو کراس کرتے ہوئے (عید گاہ جلسہ گاہ جامع بیت اقصیٰ تک)

شارع تجارت

شارع روضہ سے شروع ہو کر شرقاً غرباً غلہ منڈی کے قریب سے گزرتی تھی۔ محلّہ دارالرحمت شرقی کی شمالی حد کے ساتھ ساتھ فیکٹری ایریا میں ربوہ کی جنوب مغربی آخری حد پر شارع بعید سے جا ملتی تھی۔

شارع بعید

شارع روضہ کی جنوبی حد پر جلسہ گاہ کے نزدیک گول چوک سے جانب غربی محلّہ دارالرحمت کی جنوبی حد کے ساتھ ساتھ شارع تجارت کے جنوب غربی کونے سے جا ملتی ہے۔

شارع جامعہ

شارع روضہ کے جلسہ گاہ کے نزدیک گول چوک جانب شرق جامعہ احمدیہ، ٹی۔ آئی کالج اور فضل عمر ریسرچ کی جنوبی طرف سے گزرتی ہوئی محلّہ دارالنصر کے بیچوں بیچ جا کر دریائے چناب کے قریب شارع مبداء کے آخری جنوبی گول چوک پر۔

شارع مصلی

شارع روضہ کے آخری جنوبی حد سے گزرتی ہوئی دریائے چناب کے غربی کنارے۔

شارع یمن

محلّہ دارالیمن کی شرقی درمیانی حد شارع مبداء

کے اتصال سے شروع ہو کر محلّہ کے بیچوں بیچ گزرتی ہوئی پہاڑی کے قریب پختہ سڑک سے مل جاتی ہے۔

شارع صحت

ربوہ کی شمالی چونگی سے ایک فرلانگ دور۔ پکی سڑک سے جانب غرب محلہ دار الصدر کے بیچوں بیچ گزرتی ہوئی ریلوے لائن کو کراس کر کے شارع بعید سے فیکٹری ایریا کی چونگی کے قریب جاتی ہے۔

شارع معبر

(گزرگاہ) شارع تجارت سے ہو کر محلہ دارالرحمت کے گراسی پلاٹ کی جنوبی طرف سے گزرتی ہوئی شارع بعید سے چلی جاتی ہے۔

شارع رحمت

شارع روضہ، شارع جامعہ، شارع مصلی، شارع بعید کے گول چوک سے 75 فٹ چوڑائی میں شروع ہوتی ہے۔ محلّہ دارالرحمت کے گراسی پلاٹ کی جانب غرب شمالی اور جنوبی دونوں اطراف سے 30-30 فٹ دو حصوں میں ملا کر اس کے بعد فیکٹری ایریا میں شارع تجارت سے جاملتی ہے۔

ریلوے سٹیشن

28 مارچ 1949ء کو مکمل ہوا۔ یکم اپریل 1949ء کو آغاز ہوا۔

بیت محمود

رویا میں حضرت مسیح موعود نے بیت کی دیوار پر محمود لکھا دیکھا۔ اس لئے اس کا نام بیت محمود رکھا گیا۔

بیت یادگار

فضل عمر ہسپتال میں ہے۔ اس جگہ حضرت مصلح موعود نے 20 ستمبر 1948ء کو پہلی نماز پڑھائی تھی۔

بیت گول بازار

گول بازار کے وسط میں واقع ہے۔

ٹیوب ویلز

21 اپریل 1949ء کو ربوہ سے لاہور واپس جاتے وقت حضور پر کشفی حالت طاری ہوئی جس میں حضور نے دیکھا کہ آپ خدا کو مخاطب کرتے ہوئے یہ شعر پڑھ رہے ہیں۔

جاتے ہوئے حضور کی تقدیر نے جناب
پاؤں کے نیچے سے میرے پانی بہا دیا

1۔ پہلا ٹیوب ویل حضور کے ذاتی قطعات میں لگا پھر۔ 2۔ جامعہ نصرت کے صحن میں۔ 3۔ ٹی آئی کالج۔ 4۔ ٹی آئی سکول۔ 5۔ بہشتی مقبرہ کے پاس۔ 6۔ دفتر انصاراللہ اور 7۔ نصرت گرلز سکول میں لگائے گئے۔

ڈاک خانہ و تار گھر

پہلا پوسٹ آفس ایک کچی عمارت میں جو صدر انجمن احمدیہ کی ملکیت تھی 14 جنوری 1949ء کو کھولا گیا اور محترم مولانا عبدالرحیم درد صاحب کے چھوٹے بھائی بابو برکت اللہ صاحب پوسٹ ماسٹر نے سمندری سے ربوہ پہنچ کر ڈاکخانہ کا کام شروع کیا پھر ڈاکخانہ گول بازار کی دو دو دکانوں میں چلتا رہا تھا۔

ٹیلی فون ایکسچینج

21 مئی 1951ء کو پہلا کنکشن قائم ہوا۔ یہ PCO ڈاکخانہ میں نصب ہوا۔ سب سے پہلی کال جو لی گئی شیخ بشیر احمد صاحب ایڈووکیٹ سابق جج ہائی کورٹ لاہور نے ٹیلی فون کرتے ہوئے ربوہ میں ٹیلی فون کھلنے پر حضرت صاحب کو مبارک باد دی۔ حضرت مرزا بشیر احمد صاحب نے قادیان کے درویشوں کو ربوہ سے ٹیلی فون کے ذریعہ مبارکباد اور دعا کا پیغام دیا۔

بجلی

جنوری 1957ء کو باقاعدہ شہر میں A.C بجلی کا پہلا کنکشن ملا۔ افتتاح حضرت مرزا بشیر احمد صاحب نے بیت مبارک کی بجلی کا سوئچ آن کرتے ہوئے فرمایا۔ بجلی کی رو کا افتتاح 9 جون 1954ء کو ہو چکا تھا۔

پولیس چوکی

22 جون 1958ء کو ربوہ میں پولیس چوکی قائم ہوئی۔

ابتدائی بازار

گول بازار، غلہ منڈی تھے محلّہ جات میں (دارالرحمت شرقی، غربی) دارالنصر، دارالیمن، فیکٹری ایریا تھے۔ سب سے پہلی دکان قریشی فضل حق و قریشی محمد اکمل صاحب نے کھولی۔ موجودہ گولبازار میں شرقی طرف کھجوروں کے چند درخت ان کی دکان کی یادگار ہیں۔ پہلا ہینڈ پمپ بھی انہوں نے پہاڑی کے دامن میں لگایا۔ دودھ دہی کی پہلی دکانیں خان میر صاحب سابق باڈی گارڈ خلیفہ ثانی اور فیاض محمد خان صاحب کرمانی کی تھیں۔ لجنہ اماء اللہ مرکزیہ نے مکرمہ استانی میمونہ صوفیہ صاحبہ کی زیر نگرانی مستورات کی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے اور ان سے تجارتی دوستی پیدا کرنے کے لئے ایک سٹور جاری کیا تھا۔

دفتر پرائیویٹ سیکرٹری

بیت مبارک کے پاس سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کا رہائشی مکان تھا۔ شب و روز کام ہوتا تھا۔ آپ کی ڈاک اور ملاقات کے انتظام کے لئے پرائیویٹ سیکرٹری کا دفتر قائم ہوا۔

مہمان خانہ

بیت مبارک کے سامنے بسوں کے اڈہ کے بالکل ہی قریب تھا۔ یہ ہسپتال کے مشرق میں پہاڑی کے دامن میں تھا پھر بیت مبارک کے بیرونی صحن کے شرقی جانب منتقل ہوا موجودہ نئی عمارت بعد میں بنی تھی۔

بہشتی مقبرہ

بہشتی مقبرہ قادیان کا ظل ربوہ میں قائم ہوا۔ حضرت اماں جان، خلیفہ ثانی اور خلیفہ ثالث کا مقبرہ بھی یہیں موجود ہے۔ بہشتی مقبرہ میں سب سے پہلی قبر چوہدری برکت علی خان صاحب وکیل المال کی اہلیہ محترمہ کی ہے۔ جن کی وفات 27 اپریل 1949ء کو ہوئی تھی۔

مرکزی دفاتر

دفاتر صدر انجمن کا سنگ بنیاد 31 مئی 1950 کو خلیفۃ المسیح الثانی نے اپنے دست مبارک سے رکھا اور 19 نومبر 1953ء کو افتتاح فرمایا۔

دفاتر تحریک جدید کا بھی سنگ بنیاد اور افتتاح انہی تاریخوں میں ہوا۔

جامعہ احمدیہ

1949ء کے آخر میں حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے جامعۃ المبشرین کا اجراء فرمایا۔ جس میں مشنری تیار کرنے کا کام شروع ہوا۔ جامعہ احمدیہ میں مولوی فاضل تک تعلیم رکھی گئی۔ کچھ عرصہ علیحدہ علیحدہ کام کرنے کے بعد حضور نے ان کو ایک ہی ادارہ جامعہ احمدیہ میں مدغم کر دیا اور اس کا نظام تحریک جدید کے سپرد ہو گیا۔ اس کی نئی عمارت کا سنگ بنیاد حضرت مولانا غلام رسول راجیکی صاحب نے قادیان کے مقامات مقدسہ کی اینٹ پر دعا کر کے رکھا اور افتتاح 3 دسمبر 1961ء کو حضرت مرزا بشیر احمد صاحب نے فرمایا۔ جامعہ احمدیہ 22 فروری 1955ء کو احمد نگر سے ربوہ منتقل ہوا تھا۔

دارالقضاء اور دارالافتاء بھی قائم کئے گئے۔

فضل عمر ہسپتال

12 اپریل 1949ء کو ایک خیمہ میں قائم ہوا۔ ڈیڑھ سال ایک کچی بیرک میں ڈاکٹر مرزا منور صاحب کے زیر نگرانی کام ہوتا رہا۔ پھر ہسپتال کے قواعد کے تحت ایک کچی عمارت تیار ہوئی اس میں ایک آفس، ڈسپنسری، آپریشن تھیٹر، زنانہ مریضوں کے معائنہ کا کمرہ، جنرل وارڈ برائے مریضان اور ایک کوارٹر برائے کمپونڈر تھا۔ حضور نے دو منزلہ عمارت کا سنگ بنیاد 20 فروری 1956ء کو رکھا اور افتتاح 21 مارچ 1958ء کو فرمایا۔

لنگر خانہ جات جلسہ سالانہ

جامعہ نصرت، دارالرحمت غربی غلہ منڈی، ٹی آئی کالج اور سکول کے درمیان لنگر خانہ جات جلسہ سالانہ بنے۔

دارالاقامۃ النصرۃ

ضرورت مند ہونہار نوجوان بچوں کے لئے قائم کیا گیا۔

ٹی آئی کالج

26 جون 1953ء سنگ بنیاد رکھا گیا اور دار المسیح کی اینٹ نصب فرمائی۔ 10 بکروں کا صدقہ کیا گیا۔ 6 دسمبر 1954ء کو افتتاح حضرت مصلح موعود نے فرمایا۔ 7 نومبر 1956ء کو یہ کالج اپنی عمارت میں منتقل ہوا۔

فضل عمر ہاسٹل

ٹی آئی کالج کے ساتھ اس کا سنگ بنیاد 26 جون 1953ء کو حضور نے رکھا۔

جامعہ نصرت و گرلز کالج

1951ء کو شروع ہوا۔ حضور نے بنیاد رکھی اور افتتاح کیا۔

ٹی آئی سکول

اپریل 1952ء کو ربوہ منتقل ہوا۔ سکول کے ساتھ بورڈنگ ہاؤس کی عمارت بنی۔ ایک وسیع بیت بنائی گئی۔ حضور نے اس کا نام بیت نور رکھا۔

نصرت گرلز ہائر سیکنڈری سکول

اپریل 1949ء میں یہ ربوہ منتقل ہوا۔ قادیان سے لاہور پھر ربوہ منتقل ہوا۔

نصرت گرلز سیکنڈری سکول اور نصرت زنانہ انڈسٹریل سکول لجنہ کے تحت مئی 1956ء میں قائم کیا گیا۔

فضل عمر جونیئر ماڈل سکول لجنہ کے تحت دسمبر 1957ء میں قائم ہوا۔

فضل عمر ریسرچ سنٹر

تحریک جدید کے تحت علمی اور صنعتی تحقیقی ادارہ حضور نے 26 جون 1953ء کو افتتاح فرمایا۔

5 پرائمری سکولز

4 ربوہ ٹاؤن کمیٹی اور ایک صدر انجمن کے تحت

1: فیکٹری ایریا 2: دار النصر 3: دار الصدر غربی 4: دارالیمن 5: دارالرحمت

حافظ کلاس

بیت مبارک میں شروع ہوئی۔

ذیلی تنظیمیں

1۔ دفتر مجلس انصاراللہ مرکزیہ: اس کا سنگ بنیاد خلیفۃ المسیح الثانی نے 20 فروری 1956ء کو رکھا۔

2۔ دفتر مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ: اس کا سنگ بنیاد خلیفۃ المسیح الثانی نے 6 فروری 1952ء کو رکھا۔

3۔ دفتر مجلس لجنہ اماء اللہ مرکزیہ کا دفتر حضور کے رہائشی کچے مکانوں میں ایک برآمدہ اور دو کمروں کی شکل میں قائم ہوا تھا اور اس کچے دفتر کی تعمیر کا خرچ بھی لجنہ نے خود اٹھایا تھا۔

محترم مولانا محمد عمر صاحب ناظر اصلاح وارشاد قادیان

میرا داخلہ جامعہ احمدیہ قادیان اور بطور مربی سلسلہ خدمات

خاکسار جامعہ احمدیہ میں 1955ء میں داخل ہوا تھا۔ میرے ساتھ مکرم سید بشیرالدین صاحب سونگھڑوی اور محمد عارف الدین صاحب پڑھتے تھے۔ ان میں سے خاکسار اور مکرم سید بشیرالدین صاحب سونگھڑوی فارغ التحصیل ہوئے۔ اس وقت جامعہ میں داخلے کے لئے میرے علم کے مطابق کوئی شرط نہیں تھی۔ اردو جاننا ضروری تھا۔ خاکسار کو اردو سے نابلد ہونے کی وجہ سے داخلہ میں کافی دقت اٹھانی پڑی تاہم اس وقت کے ناظر تعلیم وتربیت محترم حکیم خلیل احمد صاحب کی مہربانی سے مدرسہ احمدیہ اور بورڈنگ میں داخلہ مل گیا۔ اس وقت مجھے محترم عطاء اللہ خان صاحب مرحوم اردو اور قرآن مجید کے پہلے سپارے کا لفظ بہ لفظ ترجمہ پڑھاتے رہے قریباً ایک سال تک انہوں نے مجھے پڑھایا تھا۔ اس وقت چھ سال کا نصاب تھا۔ پہلے چار سال میں نظارت تعلیم کی طرف سے مقرر کردہ نصاب تھا اور آخری دو سال میں پنجاب یونیورسٹی کا مولوی فاضل (H.A) امتحان کا نصاب تھا۔

مذکورہ چھ سال کے مضامین جہاں تک میری یاد میں ہیں درج ذیل ہیں۔

قرآن مجید کا ترجمہ پہلے چار سالوں میں ختم کیا جاتا تھا۔ تفسیر بیضاوی پہلی جلد، نبراس المومنین، ریاض الصالحین، عمدۃ الاحکام، جامع ترمذی، القراۃ الرشیدہ چاروں حصص، سبع معلقہ، حماسہ، متنبّی، فقہ احمدیہ دونوں حصص، الھدایہ (دونوں جلدیں)، کتاب الصرف، کتاب النحو، فلسفہ اور منطق کی دو کتب اس عرصہ میں سلسلہ کی صرف تین کتابیں پڑھائی جاتی تھیں۔ کشتی نوح، لیکچر سیالکوٹ۔ دعوۃ الامیر۔ ان کے علاوہ تفسیر کبیر یا سلسلہ کی کوئی کتاب جہاں تک میری یادداشت ہے نہیں پڑھائی جاتی تھی۔ اپنی طرف سے خود مطالعہ کیا کرتا تھا۔

اس وقت محترم مولانا محمد ابراہیم صاحب قادیانی فاضل ہمارے ہیڈ ماسٹر ہوا کرتے تھے اور محترم مولانا محمد حفیظ صاحب بقاپوری۔ محترم مولانا محمد یوسف صاحب اور محترم مولانا محمد عمر علی صاحب اساتذہ تھے۔ سب اساتذہ بہت ہی محنت اور اخلاص کے ساتھ ہمیں پڑھاتے تھے۔

1961ء کے شروع میں مولوی فاضل پاس کرنے کے بعد 1962ء تک خاکسار مدرسہ احمدیہ میں ہی بطور معلم پڑھاتا رہا۔

اس زمانہ میں بورڈنگ ایک کچی عمارت میں ہوا کرتا تھا۔ اس وقت صدر انجمن احمدیہ کی مالی حالت بہت کمزور تھی۔ ہم طلباء کو اس زمانہ میں 20 روپے ماہانہ وظیفہ ملا کرتا تھا جو نظارت تعلیم سے ٹیوٹر صاحب کے پاس جاتا تھا۔ 16 روپے لنگر خانہ میں دو وقت کی روٹی دال کے دے کر باقی روپے ٹیوٹر صاحب کے پاس ہوتے تھے اس میں سے صابن تیل وغیرہ ٹیوٹر صاحب سے پرچی لے کر دوکان سے خرید لیا کرتے تھے اس وقت ہم طلباء بہت تنگی اور غربت سے زندگی بسر کرتے تھے۔ خاص کر رمضان کے مہینہ میں بہت دقت محسوس ہوتی تھی۔ سحری کے لئے لنگر سے دو روٹی دال یا کبھی سبزی ملا کرتی تھی۔ یہی خوراک افطاری کے وقت بھی ملتی تھی۔ ہم روٹی کے ایک دو لقمے سے روزہ کھول کر بیت الذکر جایا کرتے تھے۔ پھر واپس آکر باقی روٹی دال کھایا کرتے تھے۔ ایک رمضان کے مہینہ میں ایک دن شدید خواہش ہوئی کہ دہی روٹی سے افطاری کروں۔ اس کے لئے میں نے ٹیوٹر صاحب سے درخواست کی کہ مجھے دہی خریدنے کے لئے دو آنے (اس وقت کے بارہ پیسے) چاہئیں۔ اس وقت انہوں نے میرا حساب دیکھ کر کہا کہ تمہارے حساب میں کوئی پیسہ نہیں۔ اس لئے میں نہیں دے سکتا۔ اس وقت مجھے بہت دکھ پہنچا اور غصہ بھی آیا لیکن صبر کا گھونٹ پی کر رہ گیا۔

اس زمانہ میں بورڈنگ میں پنکھے نہیں ہوتے تھے گرمیوں کے دنوں میں باہر سے لو اور گرم ہوا کے آنے کی وجہ سے بورڈنگ کے کمرے کے دروازے اور کھڑکیاں بند کر لیا کرتے تھے اور اسی ناقابل برداشت گرمی میں پڑھائی ہوتی تھی۔ جیسا کہ بتایا گیا ہے کہ ہمیں صرف دو وقت کی روٹی ملتی تھی۔ کبھی چاول کھانے کو جی چاہتا تو ہسپتال سے ڈاکٹر صاحب صاحب سے پرچی لکھوا کر لنگر خانہ میں دینے سے شام کو چاول مل جاتے تھے۔

اس کے بعد حالات سدھرتے رہے اور وظیفہ میں تھوڑا بہت اضافہ ہوتا رہا اور اب خدا کے فضل سے جامعہ احمدیہ کے طلباء بے حد خوش قسمت ہیں کہ انہیں کسی قسم کی تنگی ترشی کا سامنا نہیں کرنا پڑتا انہیں ہر قسم کی سہولتیں مہیا ہیں۔ تینوں اوقات بفضل اللہ عمدہ کھانے اور بہترین رہائش کا انتظام ہے۔ اس وقت کے طلباء تصور بھی نہیں کر سکتے کہ ہم نے کس قسم کی تنگی میں وقت گزارا ہے۔ اس وقت کے طلباء جتنا بھی خدا تعالیٰ کا شکر بجا لائیں کم ہے کہ انہیں خلیفہ وقت کی خاص توجہ حاصل ہے۔

خدا کرے کہ انہیں اپنے فرائض منصبی کا احساس اپنے دلوں میں پیدا کرنے کی توفیق عطا ہو اور دن رات محنت کر کے اپنی زندگی کے اصل مقصد کو پانے کی طرف منہمک رہیں۔ خاکسار نے 1961ء میں مولوی فاضل پاس کیا۔ اس کے بعد ایک سال مدرسہ احمدیہ میں بطور معلم پڑھاتا رہا۔ اس کے بعد 1962ء میں حیدرآباد میں بطور مربی میرا تقرر ہوا۔ اس کے بعد کے تقررات درج ذیل ہیں۔

1962ء تا 1967ء حیدرآباد 1967ء تا 1969ء ممبئی 1970ء تا 1990ء چنئی مدراس 1990ء تا 2007ء کیرلہ میں۔ 2007ء میں ناظر اصلاح وارشاد مقرر ہوا۔ اس عرصہ میں 1978ء تا 2005ء کم وبیش ہر سال سری لنکا کا دورہ کرتا رہا اور ہر سال دو ماہ وہاں رہا کرتا تھا۔

1999ء میں جنوری تا اکتوبر فلسطین میں بطور مربی رہا۔ خاکسار اپنے تجربات کی بناء پر جامعہ کے طلباء کو چند نصائح کرتا ہے۔

کہ ہمارے طلباء کو شروع سے ہی سادگی کی زندگی بسر کرنی چاہئے اسی طرح جفاکشی۔ صبر۔ قناعت کی عادتیں اپنے اندر پیدا کرنی چاہئیں۔ نصاب کے علاوہ مطالعہ کو وسیع کرنا چاہئے۔ خاص کر سلسلہ کی کتابوں اور مخالفوں کی کتابوں کو بھی ہمیشہ زیر مطالعہ رکھنا چاہئے۔ جذبہ اطاعت کی ضرورت ہے۔ خواہ مخواہ کی بحث و مباحثہ اور جھگڑوں سے پرہیز کرنا چاہئے۔ اساتذہ کی عزت اور ان کا احترام ہمیشہ ملحوظ رکھنا چاہئے۔ کوئی ایسی بات یا حرکت نہیں کرنی چاہئے جس سے ان کا دل دکھے۔ اس سلسلہ میں کئی تجربات خاکسار کو ہیں۔ جتنے لڑکوں نے اپنے اساتذہ اور ٹیوٹر یا سپرنٹنڈنٹ کی نافرمانی کی اور ان کا دل دکھایا ان سب کا انجام بہت برا ہوا۔ ان میں سے کسی کو بھی سلسلہ کی خدمت کی توفیق نہیں ملی۔ چند ایک سلسلہ کی خدمت کی توفیق ملے بغیر وفات پا گئے۔ اس لئے ہمیشہ اساتذہ کی دعائیں لینی چاہئیں۔ ہمیشہ اپنے بلند وبالا نصب العین کو سامنے رکھنا چاہئے۔ سب سے بڑھ کر توکل علی اللہ اور دعاؤں کی عادت ڈالنی چاہئے اللہ تعالیٰ سب کو اس کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

(بقیہ صفحہ 5)

پریس

1:۔ انگریزی، عربی اور اردو میں تھا۔

2:۔ لیتھو پریس تھا۔

نصرت آرٹ پریس گولبازار میں ہے اور اوریئنٹل اینڈ ریلیجئس پبلشنگ کارپوریشن لمیٹڈ کے زیر نگرانی کام کرتا تھا۔

ضیاء الاسلام پریس ادارہ الشرکۃ الاسلامیۃ کے ساتھ ملحق ہے۔ اس کا افتتاح 1954ء جولائی میں ہوا۔

اخبارات ورسائل

روزنامہ الفضل (ربوہ سے پہلا پرچہ 31 دسمبر 1954ء کو شائع ہوا)، ریویو آف ریلیجنز (انگریزی)، الفرقان، خالد، مصباح، تشحیذ الاذہان، البشریٰ، المنار اور انصار اللہ چھپتے تھے۔

ادارۃ المصنفین

دسمبر 1957ء میں خلیفۃ المسیح الثانی نے قائم کیا۔

لائبریریاں

1۔ خلافت لائبریری اس وقت بیت مبارک سے متصل تھی۔
2۔ جامعہ احمدیہ لائبریری
3۔ تعلیم الاسلام کالج لائبریری
4۔ جامعہ نصرت لائبریری
5۔ نصرت گرلز ہائر سیکنڈری سکول کی لائبریری
6۔ امۃ الحی لائبریری
7۔ مشیر قانونی لائبریری
8۔ لائبریری وکیل القانون تحریک جدید
9۔ دارالقضاء لائبریری
10۔ لائبریری دارالافتاء
11۔ تعلیم الاسلام ہائی سکول لائبریری
12۔ فضل عمر ریسرچ انسٹی ٹیوٹ لائبریری
13۔ لوگوں کی ذاتی لائبریریاں

اس مضمون کا اختتام حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی نصیحت پر کرتے ہیں:۔

'میں ساری جماعت احمدیہ کو نصیحت کرتا ہوں کہ وہ اپنی زندگیوں کو خدا اور رسول کے لے وقف کریں اور قیامت تک (دین حق) کے جھنڈے کو دنیا کے ہر ملک میں اونچا رکھیں۔ خدا ان کے ساتھ ہو۔ ان کی مدد کرے اور اپنی بشارتوں سے ان کو نوازے۔ آمین

